Ontario

وزارتِ صحت | وزارتِ تعلیم

COVID-19 اسکول و چائلڈ کیئر اسکریننگ

ورژن 5: 31 مئی 2021

ہر روز اسکول یا چائلڈ کیئر میں جانے سے قبل طلباء اور بچوں کا COVID-19 کا معائنہ لازمی کیا جانا چاہیئے۔ بچے کی طرف سے والدین/سرپرست اسے پُر کر سکتے ہیں۔

تاریخ (مہینہ-دن-سال) ____________

اسکریننگ کے سوالات

1. **گزشتہ 14 دنوں میں، کیا طالبِ علم/بچے نے کینیڈا سے باہر سفر کیا ہے؟** ☐ ہاں ☐ نہیں
اگر قرنطینہ کے وفاقی تقاضوں سے مستثنیٰ ہے، تو براہ کرم "نہیں" منتخب کریں

2. **کیا کسی ڈاکٹر، نگہداشت صحت کے فراہم کنندہ، یا صحت عامہ کے کسی یونٹ نے آپ کو بتایا کہ طالبِ علم/بچے کو فی الوقت علیحدگی اختیار کرنی (گھر پر رہنا) چاہیئے؟** ☐ ہاں ☐ نہیں
ممکن ہے کہ ایسا وبا یا رابطے کی سراغ رسانی کی خاطر کیا گیا ہو۔

3. **گزشتہ 14 دنوں میں، کیا طالبِ علم/بچے کو کسی ایسے فرد سے "نزدیکی رابطے" کے حامل کے طور پر شناخت کیا گیا جسے فی الحال COVID-19 ہو؟** ☐ ہاں ☐ نہیں

4. **گزشتہ 14 دنوں میں، کیا طالبِ علم/بچے کو اپنے سیل فون پر COVID الرٹ کے ایکسپوژر کی اطلاع موصول ہوئی ہے؟** ☐ ہاں ☐ نہیں
اگر وہ پہلے ہی ٹیسٹ کرا چکے ہیں اور نتیجہ منفی آیا ہے، تو "نہیں" منتخب کریں۔

5. **کیا طالبِ علم/بچے کو فی الحال ان میں سے کسی علامات کا سامنا ہے؟**
ان چند/تمام کا انتخاب کریں کہ جو نئی، شدید تر ہوں، اور ان کا تعلق کسی اور معلوم اسباب یا ایسی کیفیات سے نہ ہو جو پہلے سے موجود ہیں۔

بخار اور/یا کپکپی 37.8 ڈگری سینٹی گریڈ/100 ڈگری فارن ہائیٹ یا اس سے زائد درجہ حرارت	☐ ہاں	☐ نہیں
کھانسی یا خشک کھانسی (خناق) مستقل، معمول سے زائد، سانس لیتے ہوئے سیٹی کی آواز آنا (جس کا سبب دمّہ، بعد از انفیکشن متاثرہ سانس کی نالیاں، یا اور کوئی ایسے معلوم اسباب یا کیفیات نہ ہوں جن میں وہ پہلے سے مبتلا ہوں)	☐ ہاں	☐ نہیں
سانس لینے میں دشواری سانس نہ آنا، گہرا سانس نہ لے پانا (جس کا سبب دمّہ، یا اور کوئی ایسے معلوم اسباب یا کیفیات نہ ہوں جن میں وہ پہلے سے مبتلا ہوں)	☐ ہاں	☐ نہیں
چکھنے یا سونگھنے کی حس میں کمی یا اس کا ختم ہو جانا جس کا تعلق موسمی عوارض، نیورولوجیکل امراض، یا ایسے کسی اور معلوم اسباب یا کیفیات سے نہ ہو جن میں وہ پہلے سے مبتلا ہوں	☐ ہاں	☐ نہیں
گلا خراب ہونا یا نگلنے میں مسئلہ ہونا نگلنے میں تکلیف (جس کا تعلق موسمی عوارض، تیزابیت، یا ایسے کسی اور معلوم اسباب یا کیفیات سے نہ ہو جن میں وہ پہلے سے مبتلا ہوں	☐ ہاں	☐ نہیں
بہتی یا بھری/بند ناک جس کا تعلق موسمی عوارض، ٹھنڈے موسم میں باہر رہنے، یا ایسے کسی اور معلوم اسباب یا کیفیات سے نہ ہو جن میں وہ پہلے سے مبتلا ہوں	☐ ہاں	☐ نہیں

سردرد ☐ ہاں ☐ نہیں

غیرمعمولی، دیر پا (جس کا تعلق ٹینشن سے ہونے والے درد، آدھے سر کے پرانے درد (دردِ شقیقہ)، یا ایسے کسی اور معلوم اسباب یا کیفیات سے نہ ہو جن میں وہ پہلے سے مبتلا ہوں)

اگر طالبِ علم/بچے کو COVID-19 ویکسین گزشتہ 48 گھنٹوں میں لگی ہے اور اسے ایسے معمولی سردرد کا سامنا ہے جو بس ویکسینیشن کے بعد شروع ہوا، تو "نہیں" منتخب کریں۔

متلی، قے اور/یا اسہال ☐ ہاں ☐ نہیں

جس کا تعلق تکلیف دہ مروڑ کے مرض، اضطراری کیفیت، ماہواری کے درد، یا ایسے کسی اور معلوم اسباب یا کیفیات سے نہ ہو جن میں وہ پہلے سے مبتلا ہوں

انتہائی تھکان یا پٹھوں کا درد ☐ ہاں ☐ نہیں

غیرمعمولی، تھکاوٹ، کمزوری ہونا، شیرخوار بچوں کا دودھ کم پینا (جس کا تعلق ڈپریشن، بےخوابی، تھائی رائیڈ کی ناقص فعالیت، اچانک چوٹ لگ جانے، یا ایسے کسی اور معلوم اسباب یا کیفیات سے نہ ہو جن میں وہ پہلے سے مبتلا ہوں)

اگر طالبِ علم/بچے کو COVID-19 ویکسین گزشتہ 48 گھنٹوں میں لگی ہے اور اسے ایسی معمولی تھکاوٹ اور/یا پٹھوں کے معمولی درد/جوڑوں کے درد کا سامنا ہے جو بس ویکسینیشن کے بعد شروع ہوا، تو "نہیں" منتخب کریں۔

6. کیا طالبِ علم/بچے کے ساتھ رہنے والے کسی فرد کو فی الحال COVID-19 کی کسی نئی علامات کا سامنا ہے اور/یا وہ علامات میں مبتلا ہونے کے بعد ٹیسٹ کے نتائج کا انتظار کر رہا ہے/رہے ہیں؟ ☐ ہاں ☐ نہیں

اگر علامات میں مبتلا فرد کو COVID-19 ویکسین گزشتہ 48 گھنٹوں میں لگی ہے اور ایسے معمولی سا سردرد، تھکاوٹ، پٹھوں کے درد، اور/یا جوڑوں کے درد کا سامنا ہے جو بس ویکسینیشن کے بعد شروع ہوا، تو "نہیں" منتخب کریں۔

اسکریننگ کے سوالات کے نتائج

اگر آپ نے سوال 1 یا 3 کا جواب "ہاں" میں دیا ہے تو اسکول یا چائلڈ کیئر مت جائیں۔

- طالبِ علم/بچے کو لازماً 14 دن تک ذاتی علیحدگی اختیار کرنی چاہیئے (گھر پر رکنا چاہیئے) اور ٹیسٹ یا کسی فوری طبی ضرورت کے سوا گھر سے نہیں نکلنا چاہیئے۔
- اگر آپ نے **سوال 1 کا جواب "ہاں"** میں دیا ہے، تو صحتِ عامہ کی رہنمائی پر عمل کریں۔ طالب علم/بچہ آپ کے مقامی صحت عامہ کے یونٹ کی جانب سے صحت یاب قرار پانے کے بعد اسکول/چائلڈ کیئر واپس آ سکتا ہے۔
- اگر آپ نے **سوال 3 کا جواب "ہاں"** میں دیا ہے، تو ڈاکٹر/نگہداشتِ صحت کے فراہم کنندہ سے بات کر کے مشورہ لیں یا جانچ کروائیں، بشمول اس وضاحت کہ کیا انہیں COVID-19 ٹیسٹ کی ضرورت ہے۔ طالبِ علم/بچہ ٹیسٹ کے منفی نتیجے کے باوجود، صرف 14 دن بعد ہی اسکول/چائلڈ کیئر واپس آ سکتا ہے۔
    - اگر آپ صوبے کے کچھ مخصوص علاقوں، جیسا کہ ٹورنٹو (Toronto) یا پیل (Peel) میں مقیم ہوں، تو آپ کے بہن، بھائی اور گھرانے کے باقی ماندہ اشخاص کو بھی 14 دن کے لئے لازماً گھر پر رہنا ہو گا۔ ایسا مقامی خطراتی عوامل کے باعث ہے۔
    - اگر آپ اونٹاریو کے دیگر علاقوں میں مقیم ہیں، تو آپ کے بہن، بھائی اسکول، چائلڈ کیئر اور گھرانے کے باقی ماندہ اشخاص کام پر جا سکتے ہیں، لیکن ان پر لازم ہے کہ وہ غیر ضروری وجوہات کی بنا پر گھر سے نہ نکلیں۔
      مزید معلومات اپنے اسکول/چائلڈ کیئر سے دریافت کریں۔
- اگر ان میں علامات پیدا ہو جائیں یا ان کا ٹیسٹ مثبت آ جائے، تو اپنے مقامی صحتِ عامہ کے یونٹ یا ڈاکٹر/نگہداشتِ صحت کے فراہم کنندہ سے مزید مشورے کے حصول کے لئے رابطہ کریں۔
- اس نتیجے کے بارے میں اپنے اسکول/چائلڈ کیئر کے فراہم کنندہ کو آگاہ کرنے کے لئے ان سے رابطہ کریں۔

اگر آپ نے سوال 2 کا جواب "ہاں" میں دیا ہو تو اسکول یا چائلڈ کیئر مت جائیں۔

- طالبِ علم/بچے کو لازماً ذاتی علیحدگی اختیار کرنی چاہیئے (گھر پر رکنا چاہیئے) اور فوری طبی ضرورت کے سوا گھر سے نہیں نکلنا چاہیئے۔
- صحتِ عامہ کے مشورے پر عمل کریں۔ طالب علم/بچہ آپ کے مقامی صحت عامہ کے یونٹ کی جانب سے صحت یاب قرار پانے کے بعد اسکول/چائلڈ کیئر واپس آ سکتا ہے۔
- اگر ان میں علامات پیدا ہو جائیں، تو اپنے مقامی صحتِ عامہ کے یونٹ یا ڈاکٹر/نگہداشتِ صحت کے فراہم کنندہ سے مزید مشورے کے حصول کے لئے رابطہ کریں۔
- اگر آپ صوبے کے کچھ مخصوص علاقوں، جیسا کہ ٹورنٹو یا پیل میں مقیم ہوں، تو آپ کے بہن، بھائی اور گھرانے کے باقی ماندہ اشخاص کو بھی لازماً گھر پر رہنا ہو گا۔ ایسا مقامی خطراتی عوامل کے باعث ہے۔

- اگر آپ اونٹاریو کے دیگر علاقوں میں مقیم ہیں، تو آپ کے بہن، بھائی اسکول، چائلڈ کیئر اور گھرانے کے باقی ماندہ اشخاص کام پر جا سکتے ہیں، لیکن ان پر لازم ہے کہ وہ غیرضروری وجوہات کی بنا پر گھر سے نہ نکلیں۔ مزید معلومات اپنے اسکول/چائلڈ کیئر سے دریافت کریں۔
- اس نتیجے کے بارے میں اپنے اسکول/چائلڈ کیئر کے فراہم کنندہ کو آگاہ کرنے کے لئے ان سے رابطہ کریں۔

اگر آپ نے سوال 4 کا جواب "ہاں" میں دیا ہو تو اسکول یا چائلڈ کیئر مت جائیں۔

- طالبِ علم/بچے کو لازماً ذاتی علیحدگی اختیار کرنی چاہیئے (گھر پر رکنا چاہیئے) اور فوری طبی ضرورت کے سوا گھر سے نہیں نکلنا چاہیئے۔
- ان کا COVID-19 کا ٹیسٹ کروانے کے لئے تشخیصی سینٹر تشریف لائیں۔
  - اگر ان کا ٹیسٹ منفی ہے (ان میں وائرس نہ پایا جائے)، تو وہ اسکول/چائلڈ کیئر واپس آ سکتے ہیں۔
  - اگر ان کا ٹیسٹ مثبت آئے (ان میں وائرس پایا جائے)، تو وہ صرف آپ کے مقامی صحتِ عامہ کے یونٹ کی جانب سے صحت یاب قرار پانے کے بعد واپس آ سکتے ہیں۔
- اگر ان میں علامات ظاہر ہو جاتی ہیں، تو اپنے مقامی صحتِ عامہ کے یونٹ یا ڈاکٹر/نگہداشتِ صحت کے فراہم کنندہ سے مزید مشورے کے حصول کے لئے رابطہ کریں۔
- آپ کے بہن، بھائی اسکول، چائلڈ کیئر یا گھرانے کے باقی ماندہ اشخاص کام پر جا سکتے ہیں، لیکن ان پر لازم ہے کہ وہ دیگر، غیرضروری وجوہات کی بنا پر گھر سے تب تک نہ نکلیں جب تک کہ COVID الرٹ حاصل کرنے والے فرد کا ٹیسٹ منفی نہ آ جائے، یا آپ کے مقامی صحت عامہ کے یونٹ کی جانب سے صحت یاب نہ قرار پائے۔
- اس نتیجے کے بارے میں اپنے اسکول/چائلڈ کیئر کے فراہم کنندہ کو آگاہ کرنے کے لئے ان سے رابطہ کریں

اگر آپ نے سوال 5 یا سوال 6 میں شامل علامات میں سے کسی کا جواب "ہاں" میں دیا ہے تو اسکول یا چائلڈ کیئر مت جائیں۔

- طالبِ علم/بچے کو لازماً ذاتی علیحدگی اختیار کرنی چاہیئے (گھر پر رکنا چاہیئے) اور ٹیسٹ یا کسی فوری طبی ضرورت کے سوا گھر سے نہیں نکلنا چاہیئے۔
- اگر آپ نے **سوال 5 کا جواب "ہاں"** میں دیا ہے، تو ڈاکٹر/نگہداشتِ صحت کے فراہم کنندہ سے بات کر کے مشورہ لیں یا جانچ کروائیں، بشمول اس وضاحت کہ کیا طالبِ علم/بچے کو COVID-19 ٹیسٹ کی ضرورت ہے۔
- اگر آپ نے **سوال 6 کا جواب "ہاں"** میں دیا ہے، تو طالبِ علم/بچہ اس فرد کے COVID-19 ٹیسٹ کا نتیجہ منفی آ جانے، یا آپ کے مقامی صحتِ عامہ کے یونٹ کی جانب سے اس کے صحت یاب قرار پانے، یا تشخیص شدہ بیماری مختلف ہونے پر اسکول یا چائلڈ کیئر واپس آ سکتا ہے۔
- آپ کے بہن، بھائی یا گھرانے کے باقی ماندہ اشخاص پر اس وقت تک گھر پر رہنا لازم ہے جب تک کہ علامات ظاہر کرنے والے طالبِ علم/بچے یا فرد کا ٹیسٹ منفی نہ آ جائے، یا آپ کے مقامی صحت عامہ کے یونٹ کی جانب سے صحت یاب نہ قرار پائے، یا تشخیص شدہ مرض مختلف نہ ہو۔
- اس نتیجے کے بارے میں اپنے اسکول/چائلڈ کیئر کے فراہم کنندہ کو آگاہ کرنے کے لئے ان سے رابطہ کریں۔

اگر آپ نے تمام سوالوں کا جواب "نہیں" میں دیا ہے، تو آپ کا بچہ اسکول/چائلڈ کیئر جا سکتا ہے کیونکہ وہ صحتمند اور COVID-19 سے محفوظ معلوم ہوتا ہے۔ اپنے اسکول/چائلڈ کیئر کے فراہم کنندہ کے متعین کردہ طریقہ کار پر عمل کر کے عملے کو اس نتیجے سے آگاہ کریں (اگر قابلِ اطلاق ہو)۔

اگر طالبِ علم/بچے کو گزشتہ 48 گھنٹوں میں ویکسین لگی ہے اور اسے معمولی سردرد، تھکاوٹ، پٹھوں کے درد، اور/یا جوڑوں کے درد کا سامنا ہے جو بس ٹیکہ لگوانے کے بعد شروع ہوا، اور کوئی اور علامات نہ ہوں، تو انہیں اسکول/چائلڈ کیئر میں تمام وقت صحیح فٹنگ کا حامل ماسک پہننا ہو گا۔ ان کا ماسک صرف کچھ کھلانے یا پلانے کے لئے اتارا جا سکتا ہے اور انہیں ماسک اتارنے کے بعد لازماً دوسروں سے کم از کم دو میٹر دور رہنا چاہیئے۔ اگر ان کی علامات میں شدت آ جائے، اور 48 گھنٹے گزر جائیں، یا اگر ان میں کوئی اور علامات پیدا ہو جائیں، تو انہیں ذاتی علیحدگی اختیار کرنے کے لئے فوری طور پر اسکول/چائلڈ کیئر سے چلے جانا چاہیئے اور COVID-19 کا ٹیسٹ کروانا چاہیئے۔

صحتِ عامہ اونٹاریو - رابطے کی سراغ رسانی

ان سوالوں کا جواب دینا اختیاری عمل ہے۔ یہ معلومات صرف صحتِ عامہ کے ماہرین کی جانب سے رابطے کی سراغ رسانی کے لئے استعمال کی جائیں گی۔ تمام معلومات 28 دنوں میں حذف کر دی جائیں گی۔

تاریخ: ____________________

نام: ____________________

فون یا ای میل: ____________________